دلیل الانشاء

فی حلِّ

معلم الانشاء

ترجمہ وحلِ تمارین

حضرت مولانا شفیق احمد خان القاسمی البستوی

اُستاذ حدیث وادب جامعہ خُدیجۃُ الکبریٰ

ناشر: مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ

ختم نبوت ﷺ زندہ باد　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈ من "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈ من کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی وغیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریمو و کر دیا جائے گا۔
- کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریمو و کر کے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈ من سے رابطہ کیجئے۔
- سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی و ذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریمو و کر دیا جائے گا۔

- تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صَرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈ من سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریمو و کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد　　　　پاکستان پائندہ باد

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو

ترجمہ وحل تمارین

حضرت مولانا شفیق احمد خان القاسمی البستوی
اُستاذ حدیث وادب جامعہ خدیجۃ الکبریٰ

ناشر
مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ
17 شاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ)، اردو بازار،
کراچی۔ فون: 021-2752007

نام کتاب : دلیل الانشاء فی حلّ معلم الانشاء

(حصہ اول)

تصنیف : مولانا عبدالماجد ندوی صاحب

ترجمہ وحل تمرینات : مولانا شفیق احمد بستوی

(فاضل عربی ادب، فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے تاریخ)

کمپوزنگ : حافظ محمد عابد سعید (فون : 3340980 - 0300)

صفحات : ۱۴۴

تعداد : ایک ہزار

طباعت : ناصر پرنٹنگ پریس، اردو بازار، کراچی۔

ناشر : مکتبہ خدیجۃ الکبریٰؓ، ۱۷ ارشاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ)

اُردو بازار، کراچی۔ فون نمبر: 2752007

فہرست

پہلی بات

نحمدہ' ونصلی علی رسولہ الکریم .... اما بعد!

ایک سچے مسلمان کا ہدف یہ ہوتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکام وفرمان کے مطابق اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات وسنن کے موافق اپنی عملی زندگی گزارے اور اس کی انفرادی واجتماعی حیثیت سیرت وعمل کے اعتبار سے اُس معیار کی بن جائے، جو معیار اللہ نے آدمی کے لئے مطلوب قرار دیا ہے۔

بلاشبہ اس مقصد کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ پہلے آدمی اللہ رب العالمین کے پیغام کو اور رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودات کو صحیح طور پر سمجھے پھر اُس کے مطابق اپنے اعمال واحوال کو درست کرے، کسی شخص پر یہ بات مخفی نہیں کہ اللہ کا پیغام اور اُس کا ابدی کلام جو انسانوں کی رہنمائی کیلئے، بلکہ قیامت تک کے تمام بنو نوع انسان کے افراد کے لئے کامیابی کا ضامن بن کر نازل ہوا ہے اور ایک مبارک کتاب کی شکل میں قرآنِ کریم کے عنوان سے ہمارے درمیان موجود ہے۔ وہ عربی زبان میں ہے اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودات اور احادیث مبارکہ بھی جو کہ ہماری زندگی کو فلاح وکامرانی کی روشنی فراہم کرتی ہیں سب کی سب عربی زبان میں ہیں۔ ان دونوں چشمہ ہائے فیاض سے کماحقہٗ استفادہ اُسی صورت میں ممکن ہے جب کہ عربی زبان سیکھ لی جائے اور عربی کا فہم حاصل کرلیا جائے۔

اس عظیم مقصد تک رسائی کیلئے ہمارے علماء کرام نے مختلف زمانوں میں مختلف نوعیت کے ایسے نصاب مرتب کئے ہیں جن سے عربی زبان کی تعلیم وتعلم کا راستہ ہموار ہو جاتا ہے، دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کے حضرات اساتذہ نے اس سلسلے میں جو کاوشیں امت کے لئے پیش کی ہیں وہ اب تک کی تمام تر نصابی سرگرمیوں میں بہترین اور کامیاب ترین کوشش ہے۔ انہوں نے جو نصاب مرتب کیا ہے وہ سچ مچ ایک مثالی نصاب ہے جس سے لاکھوں طلبہ و طالبات مدارس وجامعات میں استفادہ کر چکے ہیں۔

پیش نظر کتاب دلیل الانشاء درحقیقت اسی نصاب کی اہم ترین کتاب معلم الانشاء کی توضیح ہے، معلم الانشاء تین اجزاء پر مشتمل ہے، کتاب چونکہ انشاء وترجمہ کے موضوع پر ہے اور اپنی نوعیت کے اعتبار سے جامعیت کے معیار پر ہے اور اس کی افادیت اظہر من الشمس ہے، اس قسم کی کتاب کی توضیح وتشریح لکھنا احقر کے مزاج کے مطابق نہیں ہے، لیکن اس کا تیسرا جزء طلباء واساتذہ دونوں ہی کے لئے خاصا مشکل سمجھا جارہا تھا اس لئے احقر نے پہلے جزء ثالث کی توضیح لکھی اُس وقت اس کا نام ''دلیل الانشاء فی حل معلم الانشاء'' تجویز ہوا تھا، کتاب بحمدللہ حلقۂ طلباء واساتذہ میں مقبول ہوئی تو ضرورت مندوں نے مسلسل ومتواتر یہ سوال کرنا شروع کردیا کہ دلیل الانشاء کا تیسرا حصہ آگیا ہے تو اس کا پہلا اور دوسرا حصہ کیوں نہیں لکھا؟

احقر لوگوں کو یہی جواب دیتا رہا کہ جزء اول اور جزء دوم آسان ہیں اس لئے ان کی دلیل لکھنے کی ضرورت محسوس نہیں کی، تاہم لوگوں کا اور تاجرانِ کتب کا مسلسل اصرار رہا کہ حصہ اول اور حصہ دوم کی بھی توضیح لکھ دیں۔ چنانچہ احقر نے اللہ پر بھروسہ کرکے طلبہ وطالبات کے لئے انشاء وترجمہ کے موضوع سے استفادہ کو آسان کرنے کی غرض سے اس طرف توجہ کی اور بحمدللہ دلیل الانشاء فی حل معلم الانشاء کا جزء اول بھی آپ کے ہاتھوں تک پہنچ گیا ہے۔

اس کام میں اللہ کی مدد کے بعد میرے جملہ معاونین میرے لئے نہایت ہی قابل شکر ہیں بالخصوص حافظ محمد عابد صاحب شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے کمپوزنگ کا کام احسن طریقہ سے انجام دیا۔

اللہ سے دعا ہے کہ اس خدمت کو شرفِ قبولیت سے نوازے اور آخرت کے لئے ذخیرہ فرمائے۔ نیز اس قلمی کاوش سے طلبہ وطالبات کو نفع ارزاں فرمائے، آمین۔

و صلی اللہ علیٰ محمد سید المرسلین و علیٰ آلہ و صحبہ اجمعین

طالب دعا

شفیق احمد خان بستوی

خادم جامعہ خدیجۃ الکبریٰؓ، محمد علی سوسائٹی، کراچی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الدرس الاوّل

مفرد

(کلمہ اور اس کی قسمیں)

التمرین الاوّل (۱)

مندرجہ ذیل جملوں میں اسم، فعل اور حرف کی تمیز کرو!

۱	الطیر یطیر فی الھواء	الطیر (اسم) یطیرُ (فعل) فی (حرف) الھواء (اسم):۔ پرندہ ہوا میں اڑتا ہے۔
۲	السمک یعیش فی الماء	السّمک (اسم) یعیش (فعل) فی (حرف) الماء (اسم):۔ مچھلی پانی میں رہتی ہے۔
۳	العصفورُ یتغرد علی الشجرۃ	العصفور (اسم) یتغرد (فعل) علی (حرف) الشجرۃ (اسم):۔ چڑیا درخت پر چہچہارہی ہے۔
۴	ان السفینہ تجری علی الماء	انّ (حرف) السفینۃ (اسم) تجری (فعل) علی (حرف) الماء (اسم):۔ بے شک کشتی پانی پر چلتی ہے۔
۵	ینزل المطر من السماء	ینزل (فعل) المطر (اسم) من (حرف) السماء (اسم):۔ بارش آسمان سے ہوتی ہے۔
۶	سافر علیٌّ الیٰ دھلی	سافر (فعل) علیٌّ (اسم) الیٰ (حرف) دھلی (اسم):۔ علی نے دہلی کا سفر کیا۔
۷	توضّأتُ بالماء البارد	توضّأت (فعل) ب (حرف) الماء (اسم) البارد (اسم):۔ میں نے ٹھنڈے پانی سے وضو کیا
۸	صِدتُ الطیور بالبندقیّة	صدتُ (فعل) الطیور (اسم) ب (حرف)

		البندقيّة (اسم):۔ میں نے بندوق سے پرندوں کا شکار کیا۔
۹	حفظ التلميذ الدرس	حفظ (فعل) التلميذ (اسم) الدرس (اسم):۔ طالب علم نے سبق یاد کیا۔
۱۰	انّ الله على كلّ شيءٍ قدير	انّ (حرف) الله (اسم) على (حرف) كل (اسم) شيءٍ (اسم) قدير (اسم):۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

الدرسُ الثانی

نکرہ ومعرفہ

التمرينُ الثانی (۲)

اردو میں ترجمہ کریں:

(۱) القلمُ	قلم	(۱۵) بَيْتٌ	کوئی گھر
(۲) اَلْكِتَابُ	کتاب	(۱۶) السَّقفُ	چھت
(۳) كُرَّاسَةٌ	کوئی کاپی	(۱۷) اَلْبَابُ	دروازہ
(۴) حِبْرٌ	کوئی روشنائی	(۱۸) جِدَارٌ	کوئی دیوار
(۵) مِرْسَمٌ	کوئی پینسل	(۱۹) اَلْمِفْتَاحُ	چابی
(۶) اَلْمِحْبَرُ	دوات	(۲۰) قُفْلٌ	کوئی تالا
(۷) اَلسَّبُّوْرَةُ	تختہ سیاہ	(۲۱) الشُّبَّاکُ	کھڑکی
(۸) اَلْبُسْتَانُ	باغیچہ	(۲۲) اَلْأَبُ	باپ
(۹) اَلشَّجَرَةُ	درخت	(۲۳) اَلْأَخُ	بھائی
(۱۰) غُصْنٌ	کوئی ٹہنی	(۲۴) اَلْأُسْتَاذُ	استاد
(۱۱) اَلْوَرَقُ	صفحہ	(۲۵) تِلْمِيذٌ	کوئی شاگرد
(۱۲) الزَّهْرُ	پھول	(۲۶) اَلْوَلَدُ	لڑکا/ بچہ
(۱۳) الثَّمَرُ	پھل	(۲۷) اَلْخَادِمُ	خادم
(۱۴) فَاكِهَةٌ	کوئی میوہ	(۲۸) اَلْبِنْتُ	لڑکی

التمرينُ الثالث (٣)

<u>عربی میں ترجمہ کریں:</u>

نمبر	اردو	عربی
(١)	چاند	اَلْقَمَرُ
(٢)	ستارہ	اَلْکَوْکَبُ/ اَلنَّجْمُ
(٣)	سورج	اَلشَّمْسُ
(٤)	آسمان	اَلسَّمَآءُ
(٥)	زمین	اَلْاَرْضُ
(٦)	بادل	اَلسَّحَابُ
(٧)	ہوا	اَلْهَوَاءُ
(٨)	دریا	اَلنَّهْرُ
(٩)	جنگل	اَلْغَابَةُ
(١٠)	پانی	اَلْمَآءُ
(١١)	روشنی اور تاریکی	اَلنُّوْرُ و اَلظَّلَامُ
(١٢)	بارش وشبنم	اَلْمَطَرُ وَالنَّدىٰ
(١٣)	ایک تپائی	طاولةٌ
(١٤)	ایک ڈسک	مِنْضَدَةٌ
(١٥)	جاذب	اَلنَّشَّافَةُ
(١٦)	ایک رومال	مِنْدِيْلٌ
(١٧)	جوتا	اَلْحِذَاءُ
(١٨)	ایک ٹوپی	قلنسوةٌ
(١٩)	پائجامہ	السِّروال
(٢٠)	تکیہ	الوِسادةُ
(٢١)	چادر	اَلرِدَآءُ
(٢٢)	پہاڑ	اَلْجَبَلُ
(٢٣)	آگ	اَلنَّارُ
(٢٤)	دھواں	اَلدُّخَان
(٢٥)	میز	اَلْمَكْتَبُ
(٢٦)	کوئی کرسی	كُرْسِيٌّ
(٢٧)	قمیض	اَلْقَمِيْصُ
(٢٨)	کوئی تولیہ	مِنْشَفَةٌ

الدرس الثالث

(مرکب)

التمرين الرابع (۴)

(مرکب تام اور مرکب ناقص میں تمیز کرو!)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱	الماء باردٌ	(مرکب تام)	پانی ٹھنڈا ہے۔
۲	الثوب نظيفٌ	(مرکب تام)	کپڑا صاف ستھرا ہے۔
۳	البيت النظيف	(مرکب ناقص)	ستھرا گھر
۴	ليس الولد	(مرکب ناقص)	نہیں لڑکا
۵	لَيْتَ الْفَاكِهَةَ	(مرکب ناقص)	کاش کہ میوہ
۶	اَكلَ فريدُ نِ الْفَاكِهَةَ	(مرکب تام)	فرید نے میوہ کھایا۔
۷	القَلَمُ الَّذى	(مرکب ناقص)	وہ قلم جو کہ
۸	لَعَلَّ الخادم	(مرکب ناقص)	شاید کہ نوکر
۹	لعلّ التلميذ ينجح	(مرکب تام)	شاید کہ طالب علم کامیاب ہو جائے۔
۱۰	ان جئتَ	(مرکب ناقص)	اگر تو آئے۔
۱۱	كأنّ الكتاب	(مرکب ناقص)	گویا کہ کتاب۔
۱۲	النَّجْمُ لامعٌ	(مرکب تام)	ستارہ چمکدار ہے۔
۱۳	الفاكهةُ ناضجَة	(مرکب تام)	میوہ پکا ہوا ہے۔
۱۴	نامَتِ الصبيّةُ	(مرکب تام)	بچی سو گئی ہے۔

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ

(مرکب توصیفی)

التمرين الخامس (۵)

(تعریف وتنکیر میں موصوف وصفت کی مطابقت)

اردو میں ترجمہ کرو!

نمبر	عربی	اردو	نمبر	عربی	اردو
۱	اَلْبُسْتَانُ الْجَمِيْلُ	خوبصورت باغ	۲	اَلْغُصْنُ الْاَخْضَرُ	سرسبز شاخ
۳	اَلْوَرَقُ النَّاعِمُ	نرم پتہ	۴	ثَوْبٌ رَخِيْصٌ	کوئی سستا کپڑا
۵	قَلَمٌ ثَمِيْنٌ	کوئی قیمتی قلم	۶	اَلرِّدَاءُ الْخَشِنُ	کھردری چادر
۷	اَلْمَطَرُ الْغَزِيْرُ	موسلادھار بارش	۸	اَلسَّحَابُ الْكَثِيْفُ	گھنا بادل
۹	تِلْمِيْذٌ مُجْتَهِدٌ	کوئی محنتی طالب علم	۱۰	اَلْفَلَّاحُ الْكَسْلَانُ	سست کسان
۱۱	اَلْقِطَارُ السَّرِيْعُ	تیز رفتار ٹرین	۱۲	فَرَسٌ بَطِيْءٌ	کوئی سست رفتار گھوڑا
۱۳	اَلتُّفَّاحُ الْحُلْوُ	شیریں سیب	۱۴	اَللَّيْمُوْنُ الْحَامِضُ	کھٹا لیمو
۱۵	اِقْبَالُ نِ الشَّاعِرُ	شاعر اقبال	۱۶	اَلدِّيْنُ الْقَيِّمُ	مضبوط دین

التمرين السادس (٦)

مندرجہ ذیل الفاظ سے مرکب توصیفی کے جملے لکھو:

لفظ	مرکب توصیفی	لفظ	مرکب توصیفی
(۱) طَائِرٌ	طَائِرٌ صَغِيْرٌ	(۷) وَلَدٌ	وَلَدٌ صَالِحٌ
(۲) اَلسَّرِيْعُ	اَلْحِصَانُ السَّرِيْعُ	(۸) اَلْمُغْلَقُ	اَلْبَابُ الْمُغْلَقُ
(۳) الفراشُ	الفراشُ النَّاعِمُ	(۹) اَلْخَلِقُ	اَلثَّوْبُ الْخَلِقُ
(۴) المسجدُ	المسجدُ الْكَبِيْرُ	(۱۰) اَلْكِتَابُ	اَلْكِتَابُ الْجَدِيْدُ
(۵) جميلٌ	بَيْتٌ جَمِيْلٌ	(۱۱) صَالِحٌ	ولدٌ صَالِحٌ
(٦) مَفْتُوْحٌ	شُبَّاكٌ مَفْتُوْحٌ		

التمرين السابع (۷)

عربی میں ترجمہ کرو:

۱	ٹھنڈا پانی	اَلْمَاءُ الْبَارِدُ
۲	صاف ہوا	اَلْهَوَآءُ النَقِىُّ
۳	میٹھا پھل	الثَّمرُ الْحُلْوُ
۴	سرخ روشنائی	اَلْحِبْرُ الاحمَرُ
۵	سیاہ پینسل	اَلْمِرْسِمُ الْاَسْوَدُ
۶	ایک خوبصورت پرندہ	طَائِرٌ جَمِيْلٌ
۷	ایک قیمتی ہار	عِقْدٌ ثَمِيْنٌ
۸	موٹا بیل	اَلثَّوْرُ السَّمِيْنُ
۹	ایک تیز رفتار گھوڑا	فَرَسٌ سَرِيْعٌ
۱۰	چوڑی سڑک	الشَّارِعُ الْوَاسِعُ
۱۱	ایک نیک لڑکا	وَلَدٌ صَالِحٌ
۱۲	ایک اچھی کتاب	كِتَابٌ جَيِّدٌ
۱۳	محنتی طالب علم	اَلتِّلْمِيْذُ الْمُجْتَهِدُ
۱۴	مہربان استاد	الاستاذُ الشَّفِيْقُ
۱۵	شاہد ادیب	شَاهِدٌ الْاَدِيْبُ
۱۶	آخری نبی	اَلنَّبِىُّ الْخَاتِمُ
۱۷	محمد ﷺ رسول	مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ
۱۸	سچا رسول	الرَّسُوْلُ الصَّادِقُ

التمرين الثامن (۸)

(تذکیر وتانیث میں موصوف وصفت کی مطابقت)

اردو میں ترجمہ کرو!

نمبر	عربی	اردو	نمبر	عربی	اردو
۱	اَلْحَدِيْقَةُ الْجَمِيْلَةُ	خوبصورت باغیچہ	۲	اَلشَّجَرَةُ الْمُثْمِرَةُ	پھل دار درخت
۳	وَرْدَةٌ حَمْرَاءُ	ایک سرخ گلاب	۴	اَلطَّعَامُ الشَّهِيُّ	مزیدار کھانا
۵	لَحْمٌ طَرِيٌّ	کوئی تازہ گوشت	۶	خُبْزٌ بَائِتٌ	ایک باسی روٹی
۷	اَلْفِضَّةُ الْبَيْضَاءُ	سفید چاندی	۸	اَلْفَاكِهَةُ الْفِجَّةُ	ترش میوہ
۹	زَهْرَةٌ مُفَتَّحَةٌ	ایک کھلی ہوئی کلی	۱۰	ثَمَرٌ نَاضِجٌ	ایک پکا ہوا پھل
۱۱	اَلسَّمَاءُ الصَّافِيَةُ	صاف ستھرا آسمان	۱۲	بِنْتٌ جَمِيْلَةٌ	ایک خوبصورت لڑکی
۱۳	خَدِيْجَةُ الْعَالِمَةُ	عالمہ خدیجہ	۱۴	حَمِيْدَةُ الْخَرْقَاءُ	پھوہڑ حمیدہ

التمرين التَّاسِعُ (۹)

خالی جگہیں پُر کریں۔

نمبر	عربی	نمبر	عربی
۱	اَللَّيْلُ الطَّوِيْلُ	۲	اَلْبُسْتَانُ الْجَمِيْلُ
۳	اَلسَّاعَةُ الثَّمِيْنَةُ	۴	طَاوِلَةٌ جَدِيْدَةٌ
۵	كُرْسِيٌّ قَوِيٌّ	۶	اَلسَّبُّوْرَةُ السَّوْدَاءُ
۷	سَعِيْدٌ مُجْتَهِدٌ	۸	اَلْعِقْدُ الرَّخِيْصُ
۹	اَلْمِصْبَاحُ اللَّامِعُ	۱۰	سَيَّارَةٌ سَرِيْعَةٌ
۱۱	اَلْمَنَارَةُ الطَّوِيْلَةُ	۱۲	شَاةٌ نَحِيْفَةٌ
۱۳	اَلْبَقَرَةُ الْبَيْضَاءُ	۱۴	فَاطِمَةُ النَّشِيْطَةُ

التمرينُ الْعَاشِرُ (١٠)

خالی جگہیں پُر کریں:

نمبر	جملہ	نمبر	جملہ
١	اَلنَّجْمُ اللَّامِعُ	٢	اَلْمَآءُ الْعَذْبُ
٣	اَلْهَوَآءُ النَّقِيُّ	٤	اَلْبَقَرَةُ السَّمِيْنَةُ
٥	اَلْمَاءُ اَلْمُرُّ	٦	اَلرَّجُلُ الْهِنْدِيُّ
٧	لَيَالِيْ مُقْمِرَةٌ	٨	وَرْدَةٌ بَيْضَاءُ
٩	اَلْبَيْتُ الْمُظْلِمُ	١٠	وَلَدٌ نَشِيْطٌ
١١	اَلشَّجَرُ الْمُثْمِرُ	١٢	اَلْاَغْصَانُ الْمُظِلَّةُ

التمرين الحادى عَشَرَ (١١)

عربی میں ترجمہ کرو:

اردو	عربی	اردو	عربی
(١) نیلا آسمان	اَلسَّمَآءُ الزَّرْقَاءُ	(٢) روشن سورج	الشَّمْسُ الْمُنِيْرَةُ
(٣) بلند پہاڑ	اَلْجَبَلُ الشَّامِخُ	(٤) گہرا کنواں	اَلْبِئْرُ الْعَمِيْقُ
(٥) پھلدار درخت	اَلشَّجَرَةُ الْمُثْمِرَةُ	(٦) میٹھا انار	اَلرُّمَانُ الْحُلْوُ
(٧) ٹھنڈی رات	اَللَّيْلُ الْبَارِدُ	(٨) ایک تاریک کمرہ	غُرْفَةٌ مُظِلَّةٌ
(٩) کوئی اونچی میز	طَاوِلَةٌ مُرْتَفِعَةٌ	(١٠) ایک قیمتی گھڑی	سَاعَةٌ ثَمِيْنَةٌ
(١١) سفید کرتا	اَلْقَمِيْصُ الْاَبْيَضُ	(١٢) سیاہ ٹوپی	القلنسوةُ السَّوْدَآءُ
(١٣) تعلیم یافتہ عائشہ	عَائِشَةُ نِ الْعَالِمَةُ	(١٤) مجاہد خالد	خَالِدُنِ الْمُجَاهِدُ
(١٥) ایک خونریز لڑائی	حَرْبٌ دَامِيَةٌ		

التمرین الثانی عشر (۱۲)

(تثنیہ وجمع میں موصوف وصفت کی مطابقت)

اردو میں ترجمہ کرو!

نمبر	عربی	اردو	نمبر	عربی	اردو
۱	اَلْمَاءُ الرَّائِقُ	مزیدار پانی	۲	اَلْهَوَاءُ النَّقِيُّ	صاف ستھری ہوا
۳	اَلْاَنْهَارُ الْجَارِيَةُ	بہتے دریا	۴	نَجْمَانِ لَامِعَانِ	کوئی دو چمکدار ستارے
۵	اَلْجِبَالُ الشَّامِخَةُ	بلندو بالا پہاڑ	۶	اَلْمُسْلِمُوْنَ الصَّادِقُوْنَ	سچے مسلمان
۷	رِجَالٌ صَالِحُوْنَ	کچھ نیک لوگ	۸	وَرْدَةٌ مُفَتَّحَةٌ	کوئی ایک کھلا ہوا گلاب
۹	تِلْمِيْذَانِ مُجْتَهِدَانِ	کوئی دو محنتی طالبعلم	۱۰	اَلْبَنَاتُ الصَّالِحَاتُ	نیک سیرت لڑکیاں
۱۱	اَقْلَامٌ ثَمِيْنَةٌ	چند قیمتی قلم	۱۲	اَلْمَنَارَتَانِ الطَّوِيْلَتَانِ	دوطویل مینارے
۱۳	اَلدَّوَاةُ الْمَمْلُوْءَةُ	بھری ہوئی دوات	۱۴	اَلْاُمَّهَاتُ الْمُؤْمِنَاتُ	ایمان والی مائیں

التمرین الثالث عشرة (۱۳)

خالی جگہیں مناسب صفات سے پُر کریں:

(۱) الانهارُ الجاريةُ

(۲) الملابِسُ النظيفةُ

(۳) عَمُوْدَانِ كَبِيْرَانِ

(۴) اَلْمَنْظَرُ الْبَهِيْجُ

(۵) الليالى المقمرة.

(۶) اَلْبقرات القويةُ

(۷) الحدائقُ الْجَمِيْلَةُ

(۸) كرسيّان طويلان

(۹) الفلاّحون الكسلانون، اَلفرحون

(۱۰) التلميذاتُ المَاهراتُ

(۱۱) تُفَّاحتَانِ حُلْوَتَانِ

(۱۲) سَلْمَانُ نِ الْمُجْتَهِدُ

التمرين الرابع عشر (۱۴)

خالی جگہیں پُر کریں۔

(۱) السُّحُبُ الممطرَةُ

(۲) النورُ الضَّئِيلُ

(۳) التلميذانِ اللعوبَان

(۴) اَلتَّلامَذَةُ البارّونَ

(۵) نَجْمٌ مُتَلاَلِئٌ

(۶) التلميذتانِ الفائزتانِ

(۷) الغُصُوْنُ المؤرِقَةُ

(۸) الرَّجُلانِ القويّانِ

(۹) الطُّلاَبُ النَّاجِحُوْنَ

(۱۰) مُعَلِّمَتَانِ عَفِيْفَتَانِ

(۱۱) المُسْلِمَاتُ العابداتُ

(۱۲) نِسَآءٌ مجتهداتٌ

التمرينُ الخامسُ العشَرَ (۱۵)

عربی میں ترجمہ کریں:

۱ عربی مدرسے	المدارسُ الْعَرَبِيَّةُ
۲ تعلیم یافتہ لڑکیاں	اَلْبَنَاتُ الْمُتَعَلِّمَاتُ
۳ مؤمن عورتیں	اَلنِّسَآءُ الْمُؤْمِنَاتُ
۴ نیک مائیں	اَلْاُمَّهَاتُ الصَّالِحَاتُ
۵ ایک خوبصورت آئینہ	مِرْاٰةٌ جَمِيْلَةٌ
۶ گلاب کا سرخ پھول	اَلْوَرْدَةُ الْحَمْرَآءُ
۷ خوشگوار موسم	اَلْفَصْلُ الرَّائِقُ
۸ دو خوبصورت پارک	اَلْحَدِيْقَتَانِ الْجَمِيْلَتَانِ
۹ بہتی نہریں	الاَنهارُ الجارية
۱۰ دو چمکدار ستارے	النجمانِ اللّامعانِ

۱۱	چاندنی راتیں	اَللَّيَالِي الْمُقْمِرَةُ
۱۲	دلفریب منظر	المنظرُ البهيجُ
۱۳	کچھ پھلدار درخت	اشجارٌ مثمِرَةٌ
۱۴	ہری ٹہنیاں	الغصونُ الخضرَاءُ
۱۵	خائن وزراء	الوزراءُ الخائِنُوْنَ
۱۶	مغربی تہذیب وتمدن	الحضارةُ الغربِيّةُ
۱۷	عدل وانصاف کرنے والے قاضی	القُضَاةُ المقسطون
۱۸	بے پردہ عورتیں	النساءُ السَّافراتُ
۱۹	قومی ترانہ	النشيدُ الوطني
۲۰	میٹھے گیت	الاغاني الحُلْوَةُ

التمرين السادس عشر (١٦)

اپنی درس گاہ سے متعلق موصوف صفت کے چھ جملے بنائیں۔

۱	الفَصلُ الكَبِيْرُ	۲	مِرْوَحَتَانِ سَرِيْعَتَانِ
۳	الخزانة الكبيرةُ	۴	الشَّبَابِيكُ المَفْتُوْحَةُ
۵	البابُ المُغلقُ	٦	فَصْلٌ نَظِيْفٌ

اپنی تعلیم سے متعلق چیزوں پر موصوف صفت کے چھ جملے بنائیں:

۱	كتابانِ مفتوحانِ	۲	كراريسُ جَدِيْدَةٌ
۳	مِرْسَمٌ اَحْمَرُ	۴	القلمُ الثمينُ
۵	دَوَاةٌ صَغِيْرَةٌ	٦	الدرسُ الجيدُ۔

دارالاقامہ سے متعلق چیزوں پر موصوف صفت کے چھ جملے لکھیں:

۱	الفناءُ الکبیرُ	۲	اَلسَّکَنانِ الْوَاسِعَانِ
۳	الاشجارُ الکثیرۃُ	۴	السُّرُرُ الْمُرِیْحَۃُ
۵	اَلْغُرْفَۃُ النظیفۃُ	٦	نَافِذَۃٌ وَاسعَۃٌ

الدرس الخامس

(مرکب اضافی)

التمرین السابع عشر (۱۷)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱	ضَوْءُ الْقَمَرِ	چاند کی روشنی
۲	ظَلاَمُ اللّیل	رات کی تاریکی
۳	فَصْلُ الْمَطْرِ	بارش کا موسم
۴	شاطِئُ النّهر	دریا کا کنارا
۵	جمالُ الطَّبیعة	فطرت کا حسن
٦	ایۃُ اللہِ	اللہ کی نشانی۔
۷	نباتُ الْأَرضِ	زمین کا سبزا
۸	سَنَامُ الْجَبَل	پہاڑ کی چوٹی
۹	غُصْنُ الشجَر	درخت کی ٹہنی
۱۰	تغریدُ الطیورِ	پرندوں کا چہچہانا
۱۱	حدیقۃ محمودٍ	محمود کا باغ
۱۲	دارُ غنِیّ	کسی مالدار کا گھر
۱۳	اکرامُ الضُّیُوْفِ	مہمانوں کا اکرام
۱۴	خدمۃُ الدِّیْنِ	دین کی خدمت

التمرين الثامن عشر (۱۸)

مندرجہ ذیل الفاظ سے مرکب اضافی کے جملے بناؤ۔

(۱) البَرْقُ	(۲) البيتُ	(۳) اَلْفِيْلُ	(۴) رمَضَانُ
(۵) الفرسُ	(۶) الحُجرةُ	(۷) الكأسُ	(۸) العذبُ
(۹) السَّقفُ	(۱۰) اللَّمَعَانُ	(۱۱) السَّيْرُ	(۱۲) الجناحُ
(۱۳) الخرطومُ	(۱۴) الزُّجاجُ	(۱۵) العِنَانُ	(۱۶) المَاءُ
(۱۷) اَلْقِطَارُ	(۱۸) الصَّومُ	(۱۹) اَلْبَابُ	(۲۰) الطَّيْرُ

مرکب اضافی کے جملے:

(۱) لمعَانُ البرقِ	(۲) خُرطومُ الفيلِ	(۳) عنَانُ الفرسِ
(۴) كأسُ الزُّجاجِ	(۵) سيرُ القطارِ	(۶) سقفُ البيتِ
(۷) صومُ رمضانَ	(۸) بابُ الحُجرةِ	(۹) عذبُ الماءِ
(۱۰) جَناحُ الطيرِ		

التمرين التاسِعَ عشرَ (۱۹)

عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) تاروں کی چمک	لمعَانُ النُّجُومِ	(۲) سورج کی گرمی	حرارةُ الشَّمْسِ
(۳) آسمان کارنگ	لونُ السَّمَآءِ	(۴) باغ کا منظر	منظرُ الحديقة
(۵) پھولوں کی مہک	اريجُ الازهارِ	(۶) ہرن کا شکار	صيدُ الظَّبي
(۷) پرند کا گوشت	لحمُ الطيرِ	(۸) محمود کی بندوق	بُنْدُوقِيَةُ مَحْمُودٍ
(۹) چاندی کی گھڑی	ساعةُ الفضّةِ	(۱۰) لوہے کا صندوق	صُنْدُوْقُ الحديد

(۱۱) رسول ﷺ کی تعلیم	تعلیمُ الرّسول	(۱۲) اخلاق کی پاکیزگی	طَهارَةُ الاَخلاقِ
(۱۳) مؤمن کے ارادے	عزائم المؤمن	(۱۴) دین کا غلبہ	غَلَبَةُ الدِّين
(۱۵) رب کی خوشنودی	رِضَی الرَّبِّ		

التمرين العشرون (۲۰)

(تثنیہ وجمع کی اضاحت)

اردو میں ترجمہ کرو:

(۱) یدُ الطفل	بچے کا ہاتھ	(۲) عینَا الظَّبیِ	ہرن کی دو آنکھیں
(۳) جناحا الطّیر	پرندے کے دو پر	(۴) شاطِئَا النَّهرِ	نہر کے دو کنارے
(۵) راکبوا السّفینةِ	کشتی کے مسافر	(۶) قاطنوا الجبال	پہاڑوں کے باشندے
(۷) صادقوا الوعدِ	وعدے کے سچے	(۸) معلّموا المدرسةِ	مدرسے کے معلمین
(۹) مصراعَا الباب	دروازے کے دو پٹ	(۱۰) عجلتا الدّراجة	سائکل کے دو پہیے
(۱۱) محسنوا الامّةِ	امت کے محسن۔	(۱۲) خادموا الدّین	دین کے خادم۔

التمرين الحادی والعشرون (۲۲)

مندرجہ ذیل الفاظ کی اضافت مناسب اسماء کی طرف کرو:

(۱) عینانِ	عَیْنَا الطِّفْلِ	(۲) العقربَانِ	عَقْرَبَا السَّاعَةِ
(۳) مَنارتانِ	مَنارَتَا الْمَسْجِدِ	(۴) لابسون	لابِسُوا الثَّوْبِ
(۵) بائعون	بائعوا الصُّحُفِ	(۶) المَدَارس	مَدَارِسُ الْمَدِيْنَةِ
(۷) المهاجرون	مُهَاجِرُوا الْمَدِيْنَةِ	(۸) سَائِقُوْن	سَائِقُوا السَّيَّارَاتِ
(۹) الاُذنانِ	اُذْنَا الْبَقَرَةِ	(۱۰) لمعان	لَمعانُ الْقَمَرِ
(۱۱) السِّنَان	سِنَانُ الرُّمْحِ	(۱۲) المسافرون	مُسَافِرُوا مَكَّةَ

التمرينُ الثاني والعشرون (۲۲)

عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) مؤمن کی فراست	فَرَاسَةُ الْمُؤْمِنُ	(۲) ایمان کی روشنی	نُوْرُ الْإِيْمَانِ
(۳) کفر کی تاریکی	ظَلَامُ الْكُفْرِ	(۴) چیونٹی کی سمجھ	فهمُ النّملةِ
(۵) اونٹ کی گردن	عُنُقُ الْجَمَلِ	(۶) ہاتھی کے دو دانت	سِنَّا الفيلِ
(۷) شترمرغ کی دوٹانگیں	رِجلاَ النَعَامَةِ	(۸) ابراہیم علیہ السلام کے دونوں بیٹے	اِبنا ابراهيمَ
(۹) باپ کے طاعت گزار	مطيعُوا الوالد	(۱۰) خانہ کعبہ کے معمار	بَنَّاؤُا الْكَعْبَة
(۱۱) مکہ کے دو مسافر	مسافرا مَكَّة	(۱۲) مسجد نبوی کے زائرین	زُوَّارُ الْمَسْجِدِ النَّبوِيِّ ﷺ
(۱۳) رسول اللہ کے اصحاب	اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللهِ	(۱۴) عہد کے پکے	صَادِقُوا الْوَعْدِ
(۱۵) بات کے سچے	صَادِقُوا الْقَوْلِ	(۱۶) مہمانوں کی تعظیم	مكرموا الضيوفِ
(۱۷) اللہ کے رسول (جمع)	رُسُل اللهِ	(۱۸) اخلاق کے معلم	مُعَلِّمُوا الْاَخْلَاقِ
(۱۹) وطن کے پرستار	مُحِبُّوا الْوَطَنِ	(۲۰) دین کے دشمن	اَعْدَآءُ الدِّيْنِ

التمرين الثالث والعشرون (۲۳)

اردو میں ترجمہ کریں:

(۱) خِصبُ ارض الهند	ہندوستان کی زمین کی شادابی
(۲) ثروةُ بلادِ امريكا	امریکہ کے ملک کی مالداری
(۳) لونُ قلنسوةِ محمودٍ	محمود کی ٹوپی کا رنگ

(۴) ثمن عِقدِ فاطمة	فاطمہ کے ہار کی قیمت
(۵) طولُ منشفةِ احمد	احمد کے تولیئے کی لمبائی
(۶) نَسْجُ جوربِ حَامِدٍ	حامد کے موزوں کی بُناوٹ
(۷) صُوفُ قُفَازَیْ هِشَامٍ	ہشام کے دونوں داستانوں کی اون
(۸) خشخشةُ قُبقابِ مسعودٍ	مسعود کے کھڑاؤں کی کھٹ پٹ
(۹) حَفْحَفَةُ جَناحِ الطَّيْرِ	پرندے کے پر کی پھڑپھڑاہٹ
(۱۰) فَخْفَخَةُ اَغْنِيَاءِ اَوَده	اودھ (لکھنؤ کا پرانا نام) کے مالداروں کی شان وشوکت
(۱۱) خشبَةُ مِصرَاعِي الباب	دروازے کے دونوں پٹ کی لکڑی
(۱۲) سعيُ مُحِبّي الدين	دین کے چاہنے والوں کی کوشش
(۱۳) طَاعَةُ اَحكامِ الرّسولِ	رسول ﷺ کے احکام کی اطاعت
(۱۴) سِرُّ غلبةِ الاسلامِ	اسلام کے غلبے کا راز

التمرين الرابع والعشرون (۲۴)

عربی میں ترجمہ کریں:

(۱) اللہ کے گھر کی عظمت	عظمةُ بيتِ الله
(۲) نوحؑ کی کشتی کے سوار	رُكَّابُ سفينةِ نوحٍ
(۳) دیہات کے باشندوں کی زندگی	حَيَاةُ سُكَّانِ الرِّيف
(۴) ہندوستان کے کارخانوں کے مزدور	عُمَّالُ مصانعِ الهند
(۵) انڈونیشیا کے مسلمانوں کی زبان	لغةُ مُسلِمِيْ اَندونيسيا.
(۶) عمر بن عبد العزیز کا عدل	عدلُ عمر ابن عبد العزيز
(۷) گلاب کے پھول کی سرخی	حُمْرَةُ الوردةِ

(۸) شعیب کے قلم کا رنگ	لونُ قلمِ شعیبَ
(۹) کاریگر کے ہاتھ کے صفائی (تیزی)	سُرعةُ یدِ الصَّانعِ
(۱۰) حسن کی گھڑی کا ڈائل	میناءُ ساعةِ حسن
(۱۱) دیوار کی گھڑی کی دوسوئیاں	عقربَا ساعةِ الجدار
(۱۲) گھنٹے کے بجنے کی آواز	صوت دقِ الجرس

التمرين الخامس والعشرون (۲۵)

اردو میں ترجمہ کریں:

(۱) ریشةُ قلمي	میرے قلم کی نب
(۲) قوائم منضدتِهٖ	اس کی ڈسک کے پائے
(۳) صُفرَةُ وجهکَ	تیرے چہرے کی زردی
(۴) صِدقُ مَقالَتِهم	ان کی بات چیت کی سچائی۔
(۵) معلّموا أبناءِ نَا	ہمارے بچوں کے اساتذہ
(۶) شُعراءُ بلادِکم	آپ کے ملک کے شعراء
(۷) مُصارَعةُ اِبنیکما	آپ کے دونوں بیٹوں کی کشتی
(۸) دُمیَةُ بِنتِهَا	اس کی بیٹی کی گڑیا
(۹) لونُ خِمَارِکِ	تیرے دوپٹے کا رنگ
(۱۰) ثَمنُ أسوِرَتِهِمَا	ان دونوں کے کنگن کی قیمت
(۱۱) حِذقُ بناتِکُنَّ	تمہاری بیٹیوں کی مہارت
(۱۲) سِیَاحَةُ زوجَیکُمَا	آپ دونوں کے شوہروں کی سیاحت
(۱۳) رِقَّةُ قلوبِهِنَّ	ان کے دلوں کی نرمی
(۱۴) زُعمَاء بلادِنَا	ہمارے ملک کے لیڈران

التمرين السادس والعشرون (٢٦)

عربی میں ترجمہ کرو!

(۱) میرے باغ کا منظر	منظر حديقتي
(۲) تیرے گھر کی دیوار	جدارُ بيتكَ
(۳) اس لڑکے کا گیند	كرة ذالك الولد
(۴) تم مردوں کی تیراندازی	رِمَايتُكم
(۵) ان دومردوں کی بہادری کا چرچا	ذِكْرُ شَجَاعَتِهِمَا
(۶) ہمارے ملک کی آب وہوا	مناخُ بِلاَدِنَا
(۷) تمہارے ملک کے سیاح	سياحوا بِلاَدِكُمْ
(۸) اس کے پازیب کی قیمت	ثمنُ خلخالها
(۹) تیرے کان کی بالی	قُرط اذنكِ
(۱۰) تمہارے شوہروں کی شہادت	شهادة ازواجكن
(۱۱) ان عورتوں کے رونے کا اثر	اَثرُ بكائهنَّ
(۱۲) ان دوعورتوں کے بچوں کی تعلیم	تعليم أوْلاَدِهِمَا
(۱۳) ان لوگوں کے علم کی شہرت	صِيتُ عِلْمِهِمْ
(۱۴) ہمارے اسلاف کے کارنامے	ماثر سَلَفِنَا

التمرين السابع والعشرون (٢٧)

اردو میں ترجمہ کرو!

(۱) الصُّبحُ المُسْفِرُ	روشن صبح
(۲) الشَّعرُ الفاحِمُ	سیاہ بال

(٣) بياضُ الصُّبح	صبح کی سفیدی
(٤) سواد الشّعر	بال کی سیاہی
(٥) قَفزُ الولدينِ وهَرْ ولتهُمَا	دولڑکوں کی اچھل کود اور ان کا دوڑ نا۔
(٦) سَاكِنُوا البَادِيةِ وَسَذَاجتُهُمْ	گاؤں کے رہنے والے اور ان کی سادگی
(٧) الفتيَاتُ الْاَفْرَ نجيّاتُ وسفورهنَّ	فرنگی نوجوان عورتیں اور ان کی بے پردگی
(٨) زئيرُ الاسد	شیر کا دھاڑنا
(٩) الحِمار النّاهق	رینکنے والا گدھا
(١٠) الكلبُ العضوضُ ونباحُه'	بہت کاٹنے والا کتا اور اس کا بھونکنا
(١١) القِطّ الجائعُ و مُوَاءُ ه'	بھوکی بلی اور اس کا میاؤں میاؤں کرنا۔
(١٢) القلمُ المحبَّرُ و ريشتُه'	فاؤنٹین پین اور اس کی نب۔
(١٣) عقربَا السَّاعةِ و ميناءُ هَا	گھڑی کی دو سوئیاں اور اس کا ڈائل۔
(١٤) الفرس الجامِحُ و صهيلهُ	سرکش گھوڑا اور اس کا ہنہنانا

التمرين الثامن والعشرون (٢٨)

عربی میں ترجمہ کریں:

(١) زمزم کا کنواں اور اس کا پانی	بِئرُ زَمْزَمَ وَمَاءُ هَا
(٢) چاندی کی انگوٹھی اور اس کا نگینہ	خاتمُ الفضّةِ وفَصُّهُ'
(٣) مسجد کے دو منارے اور ان کی بلندی	مَنارتا المسجدِ و اِرْتِفَاعُهُمَا
(٤) عرب کے باشندے اور ان کی زبان	سكان العرب و لُغَتُهُمْ
(٥) رسول اللہؐ کے اصحاب اور ان کی سیرت	اصحاب رسول الله و سيرتُهم۔
(٦) انبیاء کی بعثت اور ان کے پیغامات	بِعْثَةُ الْاَنْبِيَاءِ وَ رِسَالاَ تُهُمْ

(۷) اسلامی نظام اور اس کے محاسن (خوبیاں)	النظامُ الاسلامِیُّ و محاسنُهُ
(۸) مغربی تہذیب اور اس کے نقصانات	اَلْحَضَارَةُ الْغَرْبِيَةِ وَ مَضَارُّها
(۹) انگریزوں کی سیاست اور ان کی چالبازی	سیاسة الانجلیز و مکرهم
(۱۰) عربوں کی مہمان نوازی اور سخاوت	ضیافة العرب و سخاء هم
(۱۱) میری تلوار کی چمک اور اس کی دھار	لمعانُ سَيْفِیْ وَحدُّه‘
(۱۲) تیری تلوار کا دستہ اور اس کا نیام	مِقْبَضُ سَيْفِکَ وَغِمْدُه‘
(۱۳) فاطمہ کی گڑیا اور اس کے کھلونے	دُمْيَةُ فَاطِمَةَ وَلُعَبُهَا
(۱۴) احمد کا گیند اور اس کا لٹو	کرة احمد و دوَّامتهُ
(۱۵) محمود کی سائیکل اور اس کے دو پہیئے	دَرَّاجَةُ مَحْمُوْدٍ وَعَجلتاها
(۱۶) دو موٹے بیل اور ان کا ڈکارنا	الثوران السَّمينان و خوارُهما
(۱۷) ایک خوبصورت گائے اور اسکی دونوں سینگیں	بَقَرَةٌ جَمِيْلَةٌ وَ قَرناها
(۱۸) اونٹ کی گردن اور اس کے پائے	عُنُقُ الْجَمَلِ وَ اَقْدَامُه‘
(۱۹) تیرے گھوڑے کی زمین اور اس کی لگام	سَرج فَرسکَ و عنانُه‘
(۲۰) ہمارا دار الاقامۃ اور اس کے کمرے	سکنُنَا و غرفاتُه‘
(۲۱) تیرے گھر کی چھت اور اس کی دیواریں	سقف بیتکِ وجُدرانُه

الدرس السادس

(مرکب تام)

التمرين التاسع والعشرون (۲۹)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱	الولدُ بَاسمٌ	لڑکا ہنس مکھ ہے۔
۲	الشمسُ مشرِقةٌ	سورج چمکنے والا ہے۔

۳	الماءُ رائقٌ	پانی خوشگوار ہے۔
۴	الهواءُ نقِیٌّ	ہوا صاف ستھری ہے۔
۵	المنضدتانِ جميلتانِ	دونوں تپائیاں خوبصورت ہیں۔
۶	فاطمةُ نظيفةٌ	فاطمہ صاف ستھری ہے۔
۷	الجُنديانِ قويّانِ	دونوں فوجی طاقتور ہیں۔
۸	القُضاة عادلون	قاضی انصاف کرنے والے ہیں۔
۹	الوردة مفتّحةُ	گلاب کا پھول کھلا ہوا ہے۔
۱۰	الازهارُ ناضِرَةٌ	پھول تروتازہ ہیں۔
۱۱	الورقُ ناعِمٌ	پتّا نرم و نازک ہے۔
۱۲	الحديقتانِ مثمِرَتانِ	دونوں باغ پھلدار ہیں۔
۱۳	الغرفاتُ مضيئةٌ	کمرے روشن ہیں۔
۱۴	للاُمّهاتُ مشفِقاتٌ	مائیں شفقت کرنے والی ہیں/مہربان ہیں۔
۱۵	اَلْمُعَلِّمُوْنَ جَالِسُوْنَ	سارے استاد بیٹھے ہوئے ہیں۔
۱۶	اَلرُّسُلُ صَادِقُوْنَ	سارے رسول سچے ہیں۔

التمرين الثلاثون (۳۰)

خالی جگہ پُر کرو:

(۱) القمرُ منيرٌ
(۲) النُّجُوْمُ لامعةٌ
(۳) الحديقة جميلةٌ
(۴) الشجرتانِ مورقتانِ
(۵) الابوابُ مُغْلقَةٌ
(۶) النوافِذُ مفتوحَةٌ
(۷) السماءُ صافيةٌ
(۸) الضيفانِ صَالِحَانِ
(۹) البنتانِ نحيفتانِ
(۱۰) التِلميذَاتُ مجتهداتٌ
(۱۱) الصَبيّةُ ساكنةٌ
(۱۲) المسافرون راكبون

التمرين الحادى و الثلاثون (۳۱)

خالی جگہ پُر کرو:

۱	اَلثَّوْبُ نَاعِمٌ	۲	الصبيّة باسمةٌ
۳	الغُصنانِ طويلانِ	۴	القَصْعَتانِ مملوءَتانِ
۵	العُمَّالُ مسرورونَ	۶	الجبالُ شامِخاتٌ
۷	النُّجومُ مُتلألِئَةٌ	۸	الأوراق خَضْرَاءُ
۹	الطالبةُ نائمةٌ	۱۰	الغُرفتانِ مضيئتانِ
۱۱	البناتُ مسافراتٌ	۱۲	الصالحونَ مُكرَمونَ

التمرين الثانى و الثلاثون (۳۲)

عربی میں ترجمہ کریں:

(۱) موسم خوشگوار ہے	الطَّقسُ رَائِقٌ
(۲) پھول کھلے ہیں	الازهارُ مُفَتَّحَةٌ
(۳) کھیتیاں سبز و شاداب ہیں	المزارع خِصْبَةٌ
(۴) پتیاں ہری ہیں	الاوراق خَضراءُ
(۵) رات ٹھنڈی ہے	الليل باردٌ
(۶) سردی سخت ہے۔	البردُ شديد
(۷) ہوا تیز ہے۔	الهواءُ سريعٌ
(۸) دروازے بند ہیں	الأبْوَابُ مغلَقَةٌ
(۹) دونوں کھڑکیاں کھلی ہیں	النَّافِذَتَانِ مَفْتُوحَتَانِ
(۱۰) بچے سو رہے ہیں	الاولادُ نائمون

(۱۱) دونوں پہرے دار جاگ رہے ہیں	الحارسان مستيقظان
(۱۲) زینب بھوکی ہے	زينَبُ جائعة
(۱۳) بلی پیاسی ہے	الهِرَّةُ عَطِشَةٌ
(۱۴) دونوں گھڑیاں بند ہیں	السَّاعَتَانِ وَاقِفَتَانِ
(۱۵) لڑکیاں تعلیم یافتہ ہیں	البنات مُتَعَلِّمَاتٌ
(۱۶) مزدور مسلمان ہیں	العُمّالُ مُسلِمُوْن
(۱۷) سڑکیں کشادہ ہیں	الشوارِعُ واسعةٌ
(۱۸) باغات گھنے ہیں	الحدائق غَنَّاءُ
(۱۹) آسمان ابر آلود ہے	اَلسَّمَآءُ مُتغيِّمة
(۲۰) اسٹیشن قریب ہے	المَحَطَّةُ قريبَةٌ
(۲۱) طلبہ محنتی ہیں	الطُلَّابُ مُجْتَهِدُوْنَ
(۲۲) اساتذہ رحم دل ہیں	اَلْمُعَلِّمُوْنَ رُحَمَاءُ

التمرين الثالث و الثلاثون (۳۳)

(مبتدا جبکہ ضمیر ہو)

اردو میں ترجمہ کریں:

(۱) اَنَا تِلْمِيْذٌ	میں شاگرد ہوں	(۲) اَنْتَ خَطِيْبٌ	آپ خطیب ہیں
(۳) هُوَ شَاعِرٌ	وہ شاعر ہے	(۴) انتما صديقانِ	تم دونوں دوست ہو
(۵) هُما عالِمَتانِ	وہ دونوں عالمات ہیں	(۶) انتما مسلِمتانِ	تم دونوں مسلمان عورتیں ہو
(۷) هُنَّ صَادقاتٌ	وہ سب سچی ہیں	(۸) هِيَ باكِيَةٌ	وہ رونے والی ہے
(۹) هُمَا اَخَوَانٌ	وہ دونوں بھائی ہیں	(۱۰) انتِ حزينة	تو غمگین ہے
(۱۱) هم مسافرون	وہ سب مسافر ہیں	(۱۲) انتُنَّ صائماتٌ	تم سب روزے دار ہو
(۱۳) انتم ضيوف	آپ سب مہمان ہیں	(۱۴) نحنُ مسرورون	ہم سب خوش ہیں

التمرين الرابع والثلاثون (۳۴)

عربی میں ترجمہ کرو:

(۱) آپ دونوں مہمان ہیں	انتما ضَيفانِ
(۲) میں میزبان ہوں	انا مُضِيفٌ
(۳) آپ لوگ نیکوکار ہیں	انتم صَالحونَ
(۴) ہم دونوں دوست ہیں	نحنُ صديقانِ
(۵) ہم لوگ مسلمان ہیں	نحنُ مسلمون
(۶) تو سچا ہے	انتَ صَادِقٌ
(۷) وہ جھوٹی ہے	هِيَ كاذِبةٌ
(۸) آپ دونوں بیٹھی ہیں	انتما جالستَانِ
(۹) میں کھڑی ہوں	انا واقِفةٌ
(۱۰) وہ دونوں سوئی ہوئی ہیں	هما نائمتانِ
(۱۱) آپ استانیاں ہیں	اَنْتُنَّ مَعلِّماتٌ
(۱۲) وہ سب طالبات ہیں	هنَّ طالباتٌ
(۱۳) تم دونوں کھلاڑی ہو	انتما لَاعِبَانِ
(۱۴) وہ دونوں بڑھئی ہیں	هما نَجّارانِ

التمرين الخامس والثلاثون (۳۵)

اردو میں ترجمہ کرو:

۱	هذا مطبخٌ و هذه ادواته'	یہ کچن ہے اور یہ اس کا سامان ہے۔
۲	ذٰلكَ مَوْقِدٌ و هٰذَا تنوّرٌ	وہ چولہا ہے اور یہ تنور ہے۔

۳	هذهٖ قِدرٌ و هٰذَا غِطَاءُ هَا	یہ دیگچی ہے اور یہ اس کا ڈھکن ہے۔
۴	تلک مِخبَزَةٌ و هذهٖ مقلاةٌ	وہ توا ہے اور یہ کڑہائی ہے۔
۵	هذان ابريقان و تلک جرَّة.	یہ دونوں لوٹے ہیں اور وہ گھڑا ہے۔
۶	هاتانِ ملعقتانِ و تلک مِغرَفَةٌ	یہ دونوں چمچے ہیں اور وہ ڈوئی ہے۔
۷	ذانِکَ قدحانِ و هذهٖ قصعةٌ	وہ دو پیالے ہیں اور یہ بڑا پیالہ ہے۔
۹	هذه فناجينُ و تلک كئوس	یہ پیالیاں اور وہ گلاس ہیں۔
۱۰	هؤلاءِ طُهَاةُ المطعم اولئک خبَّازون	یہ سب ہوٹل کے باورچی ہیں اور وہ سب نانبائی ہیں۔
۱۱	اولئک خادموا المقهٰى و هذا طبّاخٌ	وہ سب قہوہ خانے کے خادم ہیں اور یہ باورچی ہے۔
۱۲	هذهٖ انيةُ المطبخ و ادواتُه'	یہ باورچی خانے کے برتن ہیں اور اسکا سامان ہے۔

التمرين السادس و الثلاثون (۳٦)

عربی میں ترجمہ کرو:

۱	یہ قلم ہے اور یہ اس کی نب ہے	هٰذَا قلمٌ و هٰذِهٖ رِيشتُه'
۲	یہ دوات ہے اور وہ اس کا ڈھکنا ہے	هٰذَا محبرٌ و ذالک غطاء ہ'
۳	وہ کتاب ہے اور یہ کاپی ہے	ذالک كتابٌ و هٰذِهٖ كراسةٌ
۴	وہ تختہ سیاہ ہے اور یہ سلیٹ ہے	تلک سبورة و هٰذَا لوحُ الحَجَر
۵	یہ دونوں استاد ہیں	هذانِ معلّمانِ
۶	یہ دونوں طالبات ہیں	هاتانِ طالبتانِ
۷	وہ دونوں طالب علم ہیں اور یہ ان کے والد ہیں	ذانک تلميذانِ و هذانِ والداهما

۸	وہ لڑکیوں کا مدرسہ ہے	تِلْکَ مَدْرَسَةُ الْبَنَات
۹	یہ سب درجہ سوم کی طالبہ ہیں	ھو لاءِ طالباتُ الصف الثالث
۱۰	وہ لوگ دار العلوم کے اساتذہ ہیں	اولئک اساتذۃُ دار العلوم
۱۱	وہ سب مسلمان لڑکیاں ہیں	اُولئک بناتٌ مسلماتٌ
۱۲	یہ سب لڑکیوں کے مدرسے کی استانیاں ہیں	ھؤلاءِ معلماتُ مدرسة البناتِ

التمرين السابع و الثلاثون (۳۷)

(مبتدا ترکیب توصیفی وترکیب اضافی کی صورت میں)

اردو میں ترجمہ کرو:

۱	التلميذ المجتهد ناجحٌ	محنتی طالب علم کامیاب ہے۔
۲	الولدُ اللّعوبُ غائب	کھلنڈرا لڑکا غائب ہے۔
۳	مسجد دار العلوم جميلٌ	دار العلوم کی مسجد خوبصورت ہے۔
۴	منارتا المسجد عاليتان	مسجد کے دونوں مینار بلند ہیں۔
۵	هٰذِهِ السّاعَةُ واقفةٌ	یہ گھڑی رکی ہوئی ہے۔
۶	عقربَا السّاعةِ لامعان	گھڑی کے دونوں کانٹے چمکدار ہیں۔
۷	سِبابُ المؤمن فسُوقٌ و قِتالُه، كفرٌ	مؤمن کو گالی دینا فسق اور اس سے لڑنا کفر ہے۔
۸	اماطةُ الاذىٰ عن الطريق صدَقةٌ	راستے سے تکلیف دہ چیز کا ہٹانا صدقہ ہے۔
۹	تلک البقرةُ السوداء حلوبٌ	وہ کالی گائے دودھ دینے والی ہے۔
۱۰	هاتانِ الشجرتان مثمرتان	یہ دونوں درخت پھل دینے والے ہیں۔
۱۱	ذانک المتلميذان مجتهدان	وہ دونوں طالب علم محنتی ہیں۔
۱۲	اولئک الاساتذه عطوفون	وہ سب اساتذہ مہربان ہیں۔

التمرين الثامن و الثلاثون (۳۸)

عربی میں ترجمہ کرو:

۱	سچا لڑکا پیارا ہے	الولدُ الصادق محبوبٌ
۲	محنتی لڑکے کامیاب ہیں	الاولاد المجتهدون ناجحون
۳	انسان کی زندگی ڈھلتی چھاؤں ہے	حياةُ الانسانِ ظِلٌّ زائِلٌ
۴	مغربی تہذیب لعنت ہے	الحضارة الغربية لعنةٌ
۵	اسلامی نظام رحمت ہے	النظامُ الاسلاميُ رحمةٌ
۶	مصر کے مسلمان مالدار ہیں	مسلموا مصرَ اغنياء
۷	چاندنی راتیں دلکش ہیں	اللّيالي المقمرةُ بهيجةٌ
۸	فرید کے ماموں ڈاکٹر ہیں	خالُ فريد طبيبٌ
۹	تمہارے دونوں بھائی تاجر ہیں	اخواک تاجرانِ
۱۰	خالد کا دوست وکیل ہے	صديق خالدٍ مُحامِيٌ
۱۱	یہ کمرہ تاریک ہے	هذه الغرفة مظلمةٌ
۱۲	دونوں روشندان بند ہیں	النافذتان مُغْلَقَتَانِ
۱۳	تیری ٹوپی سیاہ اور قمیص سفید ہے	قلنسوتُکَ سوداءُ و قميصک ابيض
۱۴	یہ لڑکیاں مسلمان ہیں	هؤلاء البنات مسلماتٌ

التمرين التاسع و الثلاثون (۳۹)

(خبر ترکیب توصیفی و ترکیب اضافی میں)

اردو میں ترجمہ کرو:

۱	الاسلامُ دينٌ قيّمٌ	اسلام مضبوط دین ہے۔
۲	القرآنُ كتابُ الله	قرآن اللہ کی کتاب ہے۔

۳	احسنُ الهدیِ، هدیُ الانبیاء	بہترین طریقہ انبیاء کا طریقہ ہے۔
۴	خیرُ السننِ سنةُ محمدٍ ﷺ	بہترین سنت نبی کریم ﷺ کی سنت ہے۔
۵	رأسُ الحکمة مخافة الله	اصل دانائی اللہ سے ڈرنا ہے۔
۶	الهِندُ بِلادٌ خِصبَةٌ	ہندوستان ایک سرسبز ملک ہے۔
۷	الیَدُ العُلیَا خیرٌ مِنَ الیَدِ السُّفلٰی	اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔
۸	رشادٌ تلمیذٌ مجتهدٌ	رشاد ایک محنتی طالب علم ہے۔
۹	اقبال شاعِرٌ اسلامِیٌّ	اقبال ایک اسلامی شاعر ہے۔
۱۰	هذهِ ساعةٌ ثمینةٌ	یہ ایک قیمتی گھڑی ہے۔
۱۱	ذلک قصرٌ مشیدٌ	وہ ایک مضبوط محل ہے۔
۱۲	اولئک نسوةٌ مؤمناتٌ	وہ سب مؤمن خواتین ہیں۔
۱۳	هذهِ ترنیمةُ الاطفال	یہ بچوں کی لوری ہے۔

التمرین الاربعون (۴۰)

عربی میں ترجمہ کرو:

۱	جھوٹ بری عادت ہے	الکذبُ عادةُ قبیحةٌ
۲	فاطمہ اچھی لڑکی ہے	فَاطِمَةٌ بِنتٌ حَسَنَةٌ
۳	اکبر دلچسپ آدمی ہے	اکبر خفیفُ الرّوحِ
۴	حامد اور ہشام محنتی لڑکے ہیں	حَامِدٌ وَ هِشَامٌ ولدان مُجتَهِدَانِ
۵	یہ لوگ شرارت پسند ہیں	هٰؤلاءِ محبّوا الشر
۶	تم لوگ اخبار بیچنے والے ہو	انتم بائعوا الصُحف
۷	کتا وفادار جانور ہے	الکلبُ حیوانٌ وَفِیٌّ
۸	موٹر تیز رفتار سواری ہے	الحافلة مرکبٌ سریعٌ

۹	بلی چوہوں کی شکاری ہے	الهِرَّة صائدة الفِيرَان
۱۰	یہ دونوں میرے ماموں زاد بھائی ہیں	هذانِ ابنا خالي
۱۱	وہ میری خالہ زاد بہن ہے	تلك بنتُ خالتي
۱۲	یہ تیرا چچا زاد بھائی ہے	هذا ابن عمّك
۱۳	وہ پاکستانی سفیر ہیں	ذالك سفيرٌ باكستاني
۱۴	یہ لوگ مصری نمائندے ہیں	هٰؤلاءِ مُمَثِّلُو مصر
۱۵	یہ ایک عربی رسالہ ہے	هذه مجلّةٌ عَرَبِيَّةٌ
۱۶	وہ آدمی ایک اخبار کا ایڈیٹر ہے	ذالك الرّجل مديرُ صحيفة
۱۷	یہ تحریک ایک دینی تحریک ہے	هذهِ الحركة حركةٌ دينيّة
۱۸	یہ لوگ ہمارے مدرسے کے معلم ہیں	هؤلاءِ معلمو مدرستنا

الدرس السابع

(جملہ فعلیہ)

التمرين الحادى والاربعون (۴۱)

(جملہ فعلیہ کی مشق)

اردو میں ترجمہ کرو!

۱	اسفرَ الصبحُ	صبح روشن ہوگئی
۲	صاحَ الديكُ الصَّائِحُ	بانگ دی بانگ دینے والے مرغے نے
۳	اِستَيْقَظَتْ فَاطِمَةُ الصَّغِيرَةُ	چھوٹی فاطمہ بیدار ہوئی
۴	هَبَّتِ الرِّيحُ الشَّدِيدَةُ	تیز ہوا چلی
۵	نزلَ المطرُ الغزيرُ	تیز بارش ہوئی
۶	حفظَ التلميذ الدّرس	طالب علم نے سبق یاد کیا
۷	قَطَفَ مَحْمُودٌ زَهْرَةً جميلةً	محمود نے ایک خوبصورت پھول توڑا

فاطمہ نے ٹھنڈا پانی پیا	شَرِبَتْ فاطمةُ الماءَ البارِدَ	۸
بچے نے باسی روٹی کھائی	اکَلَ الولدُ الخُبزَ البائِتَ	۹
چھوٹے محمود نے ایک قیمتی قلم خریدا	اِشتریٰ محمودُ نِ الصغیرُ قلمًا ثمینًا	۱۰
طالب علم خالد نے ایک موٹی ہرن کا شکار کیا	صادَ خالدُ التلميذُ ظبيًا سمينًا	۱۱
اللہ تعالیٰ نے زمین کو اور بلند و بالا آسمانوں کو پیدا کیا۔	خَلَقَ اللهُ الاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى	۱۲

التمرين الثاني و الاربعون (۴۲)

عربی میں ترجمہ کرو!

اَرْسَلَ اللهُ الانبِيَاءَ والرُّسُلَ	اللہ تعالیٰ نے انبیاء اور رسول بھیجے	۱
عصٰى اللهَ العبدُ الكافِرُ	ناشکر گزار بندہ نے خدا کی نافرمانی کی	۲
اطاعَ الولدُ المُطِيْعُ الْوَالِدَ	فرمانبردار لڑکے نے باپ کا کہا مانا	۳
قرأ رشاد نِ اُلتلميذُ الدرسَ	رشاد طالب علم نے سبق پڑھا	۴
فتح سليم نِ الخادمُ البابَ	سلیم خادم نے دروازہ کھولا	۵
قتلَ الجندیُ الشَّجاعُ الاسدَ	بہادر سپاہی نے شیر کو مار ڈالا	۶
نَجَحَ الطالبُ المُجتَهِدُ فی الاختبارِ	محنتی طالب علم امتحان میں کامیاب ہوا	۷
طبخت خادمتکِ الطعامَ الشهیَّ	تمہاری خادمہ نے مزیدار کھانا پکایا	۸
اكل الضيوفُ المُكْرَمون الطعامَ	معزز مہمانوں نے کھانا کھایا	۹
شكر المضيفُ الكريم	شریف میزبان نے شکریہ ادا کیا	۱۰
حَفَرَ العامِلُ القویُ بِئرًا	توانا مزدور نے ایک کنواں کھودا	۱۱
صنعَ النَّجارُ الماهرُ كُرسِيًا جَيِّدًا	ماہر بڑھئی نے ایک عمدہ کرسی بنائی	۱۲

التمرین الثالث و الاربعون (۴۳)

(فاعل جبکہ اسم ظاہر ہو)

اردو میں ترجمہ کرو!

۱	انسلخَ شهرُ شعبانَ	شعبان کا مہینہ ختم ہوگیا
۲	ابصرَ رجلانِ الهلالَ	دو آدمیوں نے چاند دیکھا
۳	صامَ الوِلدانُ الصغارُ اليومَ	آج چھوٹے بچوں نے روزہ رکھا
۴	ذهبَ الظمأُ وابتلّتِ العروق وثبتَ الاجرُ (ان شاءَ الله)	پیاس چلی گئی اور رگیں تر ہوگئیں اور اجر ثابت ہوگیا ان شاء اللہ
۵	صلّی المسلمون صلوٰةَ العيدِ	مسلمانوں نے عید کی نماز پڑھی
۶	سمِعَتِ الاخواتُ خطبةَ الامامِ	بہنوں نے امام کا خطبہ سنا
۷	اطعمَ الاغنياءُ المساكينَ البائسينَ	امیر لوگوں نے غریب مساکین کو کھانا کھلایا
۸	تفتّحتِ الوردةُ الحمراءُ فی الحديقة	سرخ گلاب باغ میں کھلا۔
۹	جمعتِ البنتان الازهارَ الجميلةَ	دو لڑکیوں نے خوبصورت پھول جمع کئے۔
۱۰	كنستِ الخادمةُ صحنَ الدّار	خادمہ نے گھر کے صحن کی جھاڑو لگائی۔
۱۱	فاز الصديقان فی سعيهما	دونوں دوست اپنی کوشش میں کامیاب ہوگئے
۱۲	نال المُجدّون الجوائزَ الثمينة	محنتی اشخاص نے قیمتی انعامات پائے۔
۱۳	أفسدتِ الكتبُ الماجنةُ اخلاق النّاشئينَ	فحش لٹریچر نے نوعمروں کے اخلاق کو برباد کر دیا
۱۴	سمعتِ الاذانُ و رأتِ العيونُ و عقلتِ القلوب	کانوں نے سنا آنکھوں نے دیکھا اور دلوں نے جان لیا۔

التمرين الرابع والاربعون (۴۴)

عربی میں ترجمہ کرو!

۱	سورج غروب ہوا اور چاند نکلا	غربتِ الشمسُ و طلَعَ القمرُ
۲	جامع مسجد کے مؤذن نے اذان دی	اَذّن مُؤذِّنُ الْمَسْجِدِ الجامعِ.....
۳	روزہ دار مسلمانوں نے افطار کیا	اَفطر المسلمون الصّائمون
۴	بیمار عائشہ نے ٹھنڈے پانی سے وضو کیا	توضّأتْ عائشةُ ن المريضةُ بالماءِ البارد
۵	دونوں بہنوں نے مغرب کی نماز پڑھی	صَلّتِ الاختانِ صلاةَ المغربِ
۶	ان لڑکیوں نے رمضان کے روزے رکھے	صَامَتْ اولئک البناتُ صيامَ رمضانَ
۷	شمع روشن ہوئی اور تاریکی دور ہوگئی۔	اِتَّقدَ الشمعُ و ذهبَت الظلمة
۸	کلکتہ کے مسافر ہوائی جہاز پر سوار ہوئے	رَكِبَ مسافروا كلكة علىٰ الطائرة
۹	خونخوار بھیڑیوں نے کسانوں کی بکریاں کھالیں۔	اُكلَتِ الذئابُ الضّارئة شياه الفلاحين
۱۰	دونوں بھائیوں نے ایک فٹ بال خریدا	اشترىٰ الاخوان كرةَ القدمِ
۱۱	محمود کے دونوں بیٹے بیمار ہوگئے	مَرِضَ اِبنا محمود
۱۲	بیماریاں بڑھ گئیں اور مخلص اطباء کم ہوگئے	كثُرَتِ الامراضُ و قَلَّ الاَطِبَّاءُ المخلصون

الدرس الثامن

(فعل کی قسمیں۔ ماضی، مضارع، امر و نہی)

التمرين الخامس والاربعون (۴۵)

(فاعل جبکہ ضمیر ہو)

اردو میں ترجمہ کرو!

۱	جاءَ القطارُ و وقفَ علَى الرّصيف	ٹرین آئی اور پلیٹ فارم پر رکی۔

۲	طارتِ الحمامةُ وجلسَتْ على الشجرةِ	کبوتر اڑا اور درخت پر بیٹھ گیا۔
۳	خرج محمودٌ ببند و قيته و صادَ ظبيًا	محمود اپنی بندوق کے ساتھ نکلا اور اس نے ایک ہرن کا شکار کیا۔
۴	رأتْ فاطمةُ الصَّيدَ و فرحَتْ	فاطمہ نے شکار کو دیکھا اور خوش ہوئی
۵	اجتمعتِ الأخواتُ و طبخنَ اللحمَ	تمام بہنیں جمع ہوئیں اور انہوں نے گوشت پکایا
۶	عجَنَتِ البنتانِ و خَبزَتَا الخُبزَ	دونوں لڑکیوں نے آٹا گوندھا اور روٹی پکائی۔
۷	دعوتُ الاِخوانَ و أرسلتُ اليهم	میں نے دونوں بھائیوں کو دعوت دی اور ان کو ان کی طرف پیغام بھیجا
۸	أسرعَ الخادمَانِ و أحضرَا الطّعام	دونوں خادموں نے جلدی کی اور دونوں نے کھانا پیش کیا۔
۹	جاءَ الضيُوفُ و جلسُوا حَوْلَ المائدةِ	مہمان آئے اور وہ سب دسترخوان کے گرد بیٹھ گئے
۱۰	جلسنَا مَعَ الضيوفِ و أكلنا معهم	ہم مہمانوں کے ساتھ بیٹھے اور ہم نے ان کے ساتھ کھانا کھایا۔
۱۱	شربتمُ الماءَ البارِدَ و ارتوَيتم	تم سب نے ٹھنڈا پانی پیا اور سیراب ہوئے
۱۲	صَنعْتِ الشّايَ فاحسنتِ الصَّنعَ	تم نے چائے بنائی اور عمدہ/ اچھی بنائی۔
۱۳	كفرتُما زوجيكما و عَصَيْتُمَا الله	تم دونوں نے اپنے شوہر کی نافرمانی اور اللہ کی نافرمانی کی
۱۴	سمعتُنَّ كلامَ اللهِ وبكيتُنَّ	تم سب نے اللہ کا کلام سنا اور رونے لگیں۔
۱۵	اَحلَّ اللهُ الْبَيعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا	اللہ نے حلال کیا خرید وفروخت کو اور حرام کیا سود کو
۱۶	حفِظتَ شيئًا وَّ غابَتْ عَنكَ اَشياءُ	تو نے ایک چیز تو بچالی اور بہت ساری چیزیں تجھ سے غائب ہوگئیں۔

التمرين السادس والاربعون (۴٦)

خالی جگہ پُر کرو!

۱	تغَيَّمَتِ السَّمَآءُ و اَمْطَرَتْ مَطَرًا كثيرًا
۲	هَبَّتْ ريحٌ عاصفٌ و قَلَعتِ الاشجارَ
۳	اَطْلَقَ خالدٌ البندوقِيّة و صادَ حمامةً
۴	اخَذَ حامدٌ و محمودٌ مركبَةً و ركبَا عليها
۵	غيَّرِ اولئك الناس ملابسهم و ذهبوا الىٰ المُصَلّٰى
٦	عَجَنَتِ البناتُ الدقيق و طبخن الرّغيف
۷	توضَّأَ البنتان و صلتا صلوٰةَ الفجر
۸	لَقِيَ الصّدِيقان بعد مُدَّةٍ و تعَانقا
۹	دخل علىٰ الامير رِجالٌ و جلسوا طويلاً
۱۰	مضتْ ايّامُ السُّرورِ بسُرعَةٍ عجيبةٍ

التمرين السابع والاربعون (۴۷)

عربی میں ترجمہ کرو!

۱	حامد نے اذان سنی اور بچوں کو جگایا۔	سمعَ حامدٌ الأذانَ وايقظَ الأطفالَ
۲	دو چھوٹے بچوں نے سحری کھائی اور روزہ رکھا۔	تسحّر الطفلان الصغيرانِ و صَامَا
۳	ان دو عورتوں نے کھانا پکایا اور مسکینوں کو کھلایا۔	طبخت تانك المرأتانِ الطعامَ و اطْعَمَتَا المساكينَ

۴	تم دونوں آگرہ گئے اور تاج محل دیکھا	ذهبتما الىٰ آكرة و رأيتما تاج محل
۵	ان لوگوں نے حج کیا اور مسجد نبوی کی زیارت کی۔	حجَّ اولئک الناسُ و زاروا المسجدَ النبوی.
۶	مدرسۃ البنات کی لڑکیاں بس پر سوار ہوئیں اور مدرسہ گئیں۔	ركبتْ بناتُ مدرسةِ البنات السيارةَ و ذهبنَ الىٰ المدرسة
۷	ہم لوگوں نے ٹکٹ خریدا پھر ریل گاڑی پر سوار ہوئے۔	اشترينا التذكرةَ ثم ركبنا القطارَ
۸	تم دو عورتوں نے عربی پڑھنا سیکھا۔	تعَلَّمْتُما قراءة اللغة العربيّة
۹	تم سب عورتوں نے اپنے بچوں کو ادب سکھایا	علَّمتُنَّ اولادكُنَّ الأدبَ
۱۰	تو نے اپنے دوستوں کو چائے پر مدعو کیا	دعوت اصْدقاءَك على الشايِ
۱۱	میں نے ان کے سامنے ایک تقریر کی اور ان کو اسلام کی طرف بلایا۔	خطبتُ امامهم خطبةً و دعوتُهم الى الاسلام.
۱۲	ننھی فاطمہ بازار گئی اور ایک گڑیا خریدی	ذهبتْ فاطمةُ ن الصغيرة الى السوق و اشترتْ الدمية
۱۳	تو (ایک عورت) نے قرآن پڑھا اور سنت پر عمل کیا۔	قرأتِ القرآن و عملْتِ بالسنّة
۱۴	خالد و ہشام نے غسل کیا اور اپنے کپڑے دھوئے۔	اِغتسل خالدٌ و هشام و غسلا ملابِسَهما
۱۵	درجۂ چہارم کے لڑکوں نے تقریریں کیں اور انعامات پائے۔	خطب طلابُ الصفّ الرابع ونالوا الجوائز
۱۶	خوشحال مسلمانوں نے غریبوں کو کھانا کھلایا اور ان کو کپڑے پہنائے۔	اطعمَ المسلمون الأثرياءُ المساكين و كسَوهم الثيابَ

الدرس التاسع

(فعل مضارع)

التمرين الثامن والاربعون (۴۸)

اردو میں ترجمہ کریں:

۱	يقطفُ الولدُ الزَّهرةَ ويشمُّها	لڑکا پھول توڑتا ہے اور اس کو سونگھتا ہے۔
۲	تُحِبّ فاطمةُ القِطَّ و تلعبُ معها	فاطمہ بلی سے محبت کرتی ہے اور اس کیساتھ کھیلتی ہے۔
۳	يلعبُ الوَلَدَانِ كُرَةَ القدم و يمرحَان	دولڑکے فٹ بال کھیلتے ہیں اور بیحد خوش ہوتے ہیں۔
۴	يُطلِقُ الصَّيّادونَ البنادقَ ويصيدونَ الطُّيورَ	شکاری بندوق چلاتے ہیں اور پرندوں کا شکار کرتے ہیں۔
۵	تخدِمُ البنتانِ ابوَيهِما و تمتِثلانِ امرَهمَا	دولڑکیاں اپنے والدین کی خدمت کرتی ہیں اوران کے حکم کی فرمانبرداری کرتی ہیں۔
۶	تتجمّلُ الافرنجياتُ بالملابِسِ و يخرجنَ سافراتٍ	فرنگی خواتین زینت اختیار کرتی ہیں کپڑوں کے ذریعے اور بے پردہ نکلتی ہیں۔
۷	تخرجُ الَى السّوقِ و تشترى الحوائج	وہ بازار جاتی ہے اور ضروری سامان خریدتی ہے/تو بازار کی طرف جاتا ہے۔الخ......
۸	يمحقُ اللهُ الرِّبوا و يُربِى الصَّدَقَاتِ	اللہ سود کو مٹادیتے ہیں اور صدقات کو بڑھاتے ہیں
۹	تأمرونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ	تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور خود کو فراموش کردیتے ہو۔
۱۰	تستيقظان صباحًا و تخرُجان الىٰ البساتين	وہ دولڑکیاں صبح بیدار ہوتی ہیں اور باغات کی طرف نکل جاتی ہیں۔

۱۱	تذكُرين اللهَ و تشكرينَ نِعمَهُ	تو اللہ کو یاد کرتی ہے اور اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرتی ہے۔
۱۲	تعرِفنَ الله و تستعِنَّ به في فعلِ الخيراتِ	تم اللہ کو پہچانتی ہو اور اس سے مدد طلب کرتی ہو ہر اچھے کام میں۔
۱۳	أُحِبُّ كريمَ الطباعِ و أكرهُ سَيِّئَ الاخلاق	میں پسند کرتا ہوں شریف مزاج شخص کو اور میں ناپسند کرتا ہوں برے اخلاق کے شخص کو
۱۴	نتبعُ السُّنةَ و نكرهُ الغلوَّ في الدين	ہم اتباع کرتے ہیں سنت کی اور ہم ناپسند کرتے ہیں غلو فی الدین کو۔

التمرين التاسع والاربعون (۴۹)

خالی جگہیں پر کریں:

۱	يَلْمَعُ البرقُ و يخطَفُ الابصارَ
۲	تخافُ البنتُ القِطَّ و تبعُدُ منهُ
۳	يُلقي الصَّبيّا دانِ الشّبكةَ و يصيدانَ السمكة
۴	يُحِبُّ الاغنياءُ السُّمعةَ و يُنفِقُوْنَ اموالهم في سبيلها
۵	تعجنُ البِنْتَانِ الدَّقِيْقَ وَ تَخْبُزان الرَّغيف
۶	توقِدُ البناتُ المَوْقَدَ و يَطْبَخنَ اللَّحمَ
۷	تَجْرِيْ فِي الْحَدِيْقَةِ وَ تَقْطِفُ الاَزْهَارَ
۸	اَنْتُمَا تركبانِ الدّراجةَ و تذهبانِ الىٰ المدرسةِ
۹	تَذْهَبُوْنَ اِلَى النّهرِ وَ تَتَعَلَّمُوْنَ السِّباحة
۱۰	تطبخنَ الطعامَ و تغسِلن ثيابَ اولادِكُنَّ
۱۱	اٰخُذُ الدّراجةَ و أركبُ عليها
۱۲	نخرجُ الىٰ البساتين و نَتَفَرَّجُ

التمرين الخمسون (۵۰)

عربی میں ترجمہ کرو:

۱	سورج ڈوبتا ہے اور تاریکی چھا جاتی ہے	تغرب الشمسُ وتغشى الظلمة
۲	فاطمہ شمع جلاتی ہے اور اپنا سبق یاد کرتی ہے	توقدُ فاطمةُ الشمعَ و تحفظ درسها۔
۳	حامد اور محمود بازار سے واپس آتے ہیں اور گھر میں داخل ہوتے ہیں۔	يرجعُ حامد و محمود من السوق و يدخلان البيت۔
۴	فاطمہ اور صفیہ کھڑی ہوتی ہیں اور سلام کرتی ہیں۔	تقوم فاطمة و صفية و تسلِّمان.
۵	مسلمان عورتیں قرآن پڑھتی ہیں اور سنت پر عمل کرتی ہیں۔	تقرأ النساءُ المسلماتُ القرانَ و يَعْمَلن بِالسُّنة
۶	درجہ پنجم کے طلباء مقالے لکھتے ہیں اور تقریریں کرتے ہیں۔	يكتب طلابُ الدرجةِ الخامسةِ الْمَقَالاتِ و يخطبون۔
۷	تم دونوں کھیل میں اپنا وقت ضائع کرتے ہو۔	اَنْتُمَا تُضَيِّعَانِ وَ قْتَكُمَا فِي اللَّعْب.
۸	تو غریبوں کی مدد کرتا ہے اور اجر کا مستحق ہوتا ہے۔	تنصر الفقراءَ و تستَحِقُّ الاجرَ۔
۹	تم لوگ دن بھر کارخانہ میں کام کرتے ہو	انتم تعملون فی المضع طولَ النهارِ
۱۰	تم عورتیں اپنے بچوں کی پرورش کرتی ہو	اَنْتُنَّ تُرَبِّيْنَ اَوْلَادَكُن۔
۱۱	تو مشکل کام کرتی ہے اور تھک جاتی ہے	انت تعملين العملَ الصعبَ و تَتْعَبين
۱۲	میں ہر روز صبح سویرے اٹھتا ہوں	أستيقظ مبكرًا كلَّ يومٍ
۱۳	فرید کے دونوں بیٹے فصیح عربی بولتے ہیں	ينطق ابنا فريدٍ باللّغة العربية الفُصحٰى
۱۴	ہم لوگ اللہ کی بندگی کرتے ہیں اور اس سے مدد چاہتے ہیں۔	نعبد الله و نستعينه

التمرین الحادی والخمسون (۵۱)

(فعل منفی)

اردو میں ترجمہ کرو:

